نارویجین زبان کے امتحان دینے کے طریقہ کار، معاشرتی علوم کے امتحانات اور ناروے کی شہرت حاصل کرنے کے امتحان دینے والے امیدواران کے لیے معلومات۔

حاضری۔ آپ کو ٹیسٹ کے لیے وقت کے عین مطابق پہنچنا ہے۔ اگر آپ امتحان شروع ہونے کے بعد پہنچیں گے تو آپ امتحان نہیں دے سکیں گے۔ امتحانی مرکز کی طرف سے بھیجے گئے خط میں امتحان کی جگہ اور وقت کے بارے میں معلومات کو پڑھیں۔

شناخت نامہ۔ جب آپ امتحانی مرکز میں پہنچیں تو آپ کو لازمی طور پر درست شناختی کارڈ دکھانا ہو گا اور امیدواران کی فہرست پر دستخط کرنا ہوں گے۔ درست شناختی کارڈ مندرجہ ذیل ہیں۔

- درست پاسپورٹ
- تصویر والا نارویجین بینک کارڈ
- نارویجین ڈرائیونگ لائسنس - اصل یا کاپی
- ڈاکخانہ کا یکم اپریل ۲۰۰۳ کے بعد جاری کردہ شناختی کارڈ
- یورپی تجارتی معاہدہ (EØS) میں شامل ممالک سے جاری کردہ قومی شناختی کارڈ
- مہاجرین کا سفری اجازت نامہ اور غیر ملکی پاسپورٹ
- غیر ملکیوں کا رہائشی کارڈ
- پناہ گزینوں کا کارڈ جس پر نام اور جائے پیدائش کی معلومات درج ہوں

نام۔ جب آپ امیدواران کی فہرست میں دستخط کریں گے تو اس بات کو مدنظر رکھیں کہ آیا آپ کا نام، پتہ اور شناختی نمبر درست لکھا ہے۔ جب آپ امتحان یا ٹیسٹ میں لاگ آن ہو جائیں تو آپ نے کنٹرول کرنا ہے کہ آپ کا نام، شناخت نمبر اور امیدوار نمبر سکرین پر درست لکھا ہے۔

رسید۔ اگر آپ نے امتحان کی فیس بل کے صورت میں یا سیدھا امتحانی مرکز کو ادا کی ہے تو اس صورت میں امتحان پر تشریف لاتے ہوِے ساتھ لے کر آئیں۔ امتحانی مرکز آپ سے آپ کی رسید دیکھنے کا تقاضہ کر سکتا ہے۔ اگر آپ نے فیس بینک کارڈ یا Vippsکی صورت میں ادا کی ہے تو تب بھی امتحانی مرکز رسید مانگ سکتا ہے۔

بیماری۔ اگر آپ بیمار پڑ جاتے ہیں تو آپ پر لازم ہے کہ آپ ڈاکٹر کی رپورٹ یا بیماری کی چھٹی کی رپورٹ، امتحانات کی تاریخ گزر جانے کے بعد، سات روز کے اندر اندر بھیجیں یا جمع کروایں۔ آپ بعد میں مفت امتحان دے سکتے ہیں۔

اسٹیشنری۔ آپ اپنا کاغذ یا قلم استعمال نہیں کر سکتے لیکن اگر آپ چاہیں تو کاغذ اور قلم امتحانی مرکز سے مانگ سکتے ہیں۔ امتحانی مرکز سے جاتے ہوئے آپ کو کاغذ واپس کرنا ہوں گے۔

موبائل ٹیلی فون۔ آپ کو اپنا موبائل ٹیلی فون مکمل طور پر بند کرنا ہو گا اور امتحان کے دوران اس کو اپنے سے کہیں دور رکھنا ہو گا۔ آپ اس کو اپنی جیب یا اپنی مخصوص جگہ کے قریب نہیں رکھ سکتے۔ امتحان کے دوران اگر کوئی امیدوار موبائل ٹیلی فون کے ساتھ پکڑا گیا یا اس کے پاس سے برآمد ہوا تو اس کو نقل کی کوشش سمجھا جائے گا۔

امدادی آلات۔ امتحان کے دوران آپ کسی قسم کا امدادی سامان استعمال نہیں کر سکتے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ انٹرنیٹ یا کمپیوٹر استعمال نہیں کر سکتے۔ امتحان کے دوران آپ نگرانوں اور امتحانی عملہ کے علاوہ کسی سے گفت و شنید نہیں کر سکتے۔ انٹرنیٹ کا استعمال یا کمپیوٹر میں محفوظ دستاویزات کے استعمال کو براہ راست نقل تصور کیا جائے گا۔

دوہرا امتحان دینا۔ ایک ہی امتحان کے دوران ایک ذیلی امتحان یا سوال کو کئی بار کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ اگر آپ ایک امتحان کے دوران ایک ہی ذیلی امتحان یا سوال کو ایک بار سے زائد بار حل کریں گے تو پہلی بار کیے گئے ذیلی امتحان یا سوال کے نتیجہ کو ہی درست نتیجہ تصور کیا جائے گا۔

نقل۔ امتحان کے دوران آپ کسی قسم کے امدادی آلات استعمال نہیں کر سکتے۔ مددگاری آلات کا استعمال یا ان کے استعمال کی کوشش کو نقل تصور کیا جائے گا۔

نقل کی مثالیں مندرجہ ذیل ہو سکتی ہیں۔

- برقی مددگاری آلات کا استعمال ، مثال کہ طور پر
- موبائل ٹیلی فون، سمارٹ واچ یعنی سمارٹ گھڑی اور سمارٹ چشمہ
- امتحانی نظام یعنی امتحانی سسٹم کے علاوہ کسی بھی قسم کی دوسری ویب سائٹس کا استعمال
- لکھائی کے ذیلی امتحان کے دوران کسی بھی قسم کی عبارت کو کاپی پیسٹ کرنا { اس کو سیدھا نقل کے طور پر درج کیا جائے گا }

- مکمل جواب یا جواب کے کسی حصے کو کسی دوسرے سے نقل یا کاپی کرنا { مثال کے طور پر ادبی لٹریچر سے }
- جعلی شناختی کارڈ کا استعمال
- ڈکشنری کا استعمال یا ساتھ لائی ہوئی عبارات کا استعمال
- امتحان کے دوران امتحانی مرکز کے عملہ کے علاوہ کسی دوسرے سے گفت و شنید

نقل یا نقل کی کوشش کے مندرجہ ذیل نتائج نکل سکتے ہیں

- آپ کو امتحانی مرکز سے نکال دیا جائے گا
- آپ کو اس امتحانی عرصہ دوران دیے گئے نارویجین زبان کے کسی بھی امتحان کے کسی بھی حصے کا امتحانی ثبوت یعنی سرٹیفیکیٹ نہیں ملے گا ۔ {اس کا اطلاق کے تمام لیولز پر ہو گا}A1-C1
- آپ کو دوبارہ امتحان دینے کے لیے ایک سال تک انتظار کرنا پڑ سکتا ہے
- اگلی بار امتحان دینے کے لیے آپ کو فیس ادا کرنا پڑ سکتی ہے

نقل امتحان کے دوران، امتحان کے بعد یا جوابات چیک کرنے دوران پکڑی جا سکتی ہے۔

جعلی سرٹیفیکیٹ کا بنانا۔ جعلی سرٹیفیکیٹ تیار کرنے کو جعلی کاغذات تیار کرنا سمجھا جاتا ہے اور اس کا پولیس کے پاس پرچا دیا جائے گا۔

سرٹیفیکیٹ امتحانی مرکز سرٹیفیکیٹ اس پتہ پر بھیجے گا جو امیدواروں کی فہرست میں درج ہے۔ نئے پتہ پر منتقل ہونے کی صورت میں امتحانی مرکز کو آگاہ کریں۔

اپیل کا حق آپ کو تحریری طور پر امتحان کے نتیجہ پر اپیل یا شکایت کرنے کا حق حاصل ہے {نارویجین امتحان کے لیول A1-B2 } ۔ اپیل یا شکایت نتائج کے اعلان کے بعد تین ہفتوں کے اندر اندر دائر کی جا سکتی ہے۔

آپ کو نارویجین کے امتحان C1 - اعلی تعلیمی لیول میں دونوں ذیلی امتحانات کے نتائج کے بارے میں شکایت یا اپیل کرنے کا حق ہے { سننے سمجھنے اور تحریری صلاحیت کا ذیلی امتحان اور پڑھنے سمجھنے اور ذبانی بات چیت کا ذیلی امتحان}۔ اپیل یا شکایت نتائج کے اعلان کے بعد تین ہفتوں کے اندر اندر دائر کی جا سکتی ہے۔

آپ معاشرتی علوم کے امتحان اور نارویجین شہریت کے امتحان کے انعقاد کے دوران رسمی غلطیوں کی شکایت کر سکتے ہیں، اس کے علاوہ نارویجین زبان کے امتحان کے تمام ذیلی امتحانات کے انعقاد کے دوران ہوئی رسمی غلطیوں کی شکایت بھی کر سکتے ہیں { A1-B2- لیول اور C1 ۔ لیول }۔ آپ کو رسمی غلطیوں کی شکایت امتحانی مرکز میں کرنی ہو گی۔ اپیل یا شکایت امتحانات کے انعقاد کے بعد تین ہفتوں کے اندر اندر دائر کی جا سکتی ہے۔ آپ اپیل یا شکایت یا تو تحریری طور پر سکتے ہیں یا آپ دستخط کریں گے کہ میں نے زبانی اپیل یا شکایت کر دی ہے۔ اپیل یا شکایت کے حق کے بارے معلومات کے آپ کو کاپی لینی ہوگی کہ کب امتحانات شروع ہونے سے پہلے عملی سوالات کر سکیں۔ اگر آپ کو ذیلی تحریری امتحان کے دوران کسی سوال کی سمجھ نہ آئے تو آپ انچارج امتحانات سے پوچھ سکتے ہیں۔